دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## داخلہ امتحان برائے پی۔ایچ۔ڈی (اُردو) ۲۰۱۲ء

## Entrance Test - Ph.D. (Urdu) - 2012

سوالنامہ مع جوابی بیاض — ***Question paper cum Answer script***

وقت : دو گھنٹے | ہال ٹکٹ نمبر: | نمبر : ۷۵

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

۱۔ اپنا ہال ٹکٹ نمبر اوپر فراہم کی گئی جگہ پر ہی لکھیے ۔ کتابچے کے کسی بھی صفحے پر اپنا نام یا ہال ٹکٹ نمبر نہ لکھیں۔ بصورت دیگر آپ کی جوابی بیاض روک لی جائے گی ۔ اپنا ہال ٹکٹ نمبر صحیح درج کیا ہے یا نہیں، اطمینان کرلیں۔

۲۔ (۱۰) صفحات کا یہ کتابچہ سوالنامہ اور جوابی بیاض پر مشتمل ہے۔ اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔

۳۔ اس امتحانی کتابچے کے دو حصّے ہیں۔ حصّہ 'الف' معروضی سوالات (**آبجیکٹیو ٹائپ**) پر مبنی ہے۔ حصّہ ب توضیحی سوالات پر مشتمل ہے۔

۴۔ حصّہ 'ب' کے جوابات سوالوں کے نیچے دی گئی جگہ پر ہی لکھیں۔

۵۔ امتحان ہال سے روانگی سے قبل اس کتابچے کو متعلقہ نگران کار کے حوالے کردیجیے۔

☆☆☆

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## شعبۂ اردو

## داخلہ امتحان، پی۔ایچ۔ڈی (اُردو) ۔ ۲۰۱۲ء

**مجموعی نشانات۔75** **وقت: 2 گھنٹے**

---

## حصّہ الف (معروضی سوالات)

**I۔ ذیل میں ہر سوال کے چار جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے محاذی دی گئی قوسین میں صحیح جواب لکھیے۔**

1۔ ''شرح تمہیدات ہمدانی'' کے مصنف کون ہیں؟ ( )
(الف) میراں یعقوب (ب) امین الدین اعلیٰ (ج) شاہ میراں جی حسین خدانما (د) محمد باقر آگاہ

2۔ ''مشرق اور مغرب کے نغمے'' کا مصنف کون ہے؟ ( )
(الف) ن۔م۔راشد (ب) میراجی (ج) سجاد ظہیر (د) سردار جعفری

3۔ ان میں سعادت حسن منٹو کا افسانہ کونسا ہے؟ ( )
(الف) حمام میں (ب) اوورکوٹ (ج) یزید (د) بگولے

4۔ ان میں سید وقار عظیم کی کتاب کونسی ہے؟ ( )
(الف) تنقیدی مضامین (ب) اندازے (ج) زاویہ نگاہ (د) اقبال شاعر یا فلسفی

5۔ اہلِ فنا کو نام سے ہستی کے ننگ ہے لوحِ مزار بھی میری چھاتی پہ سنگ ہے ( )
یہ شعر کس کا ہے؟
(الف) میر سوز (ب) میر درد (ج) میر تقی میر (د) میر انیس

6۔ وضعی نسخہ کسے کہتے ہیں؟ ( )
(الف) بنیادی نسخہ (ب) آمیختہ نسخہ (ج) خطی نسخہ (د) جعلی نسخہ

7۔ کتاب کے آخر میں متنِ کتاب کے کسی اندراج میں ترمیم و تصحیح کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟ ( )
(الف) قیاسی تصحیح (ب) تصحیف (ج) استدراک (د) ضمیمہ

8۔ بچوں کے ادب میں نمایاں مقام رکھنے والی کتاب ''شیخ نیازی'' کا مصنف کون ہے؟ ( )
(الف) راجہ مہدی علی خاں (ب) رشید احمد صدیقی (ج) اسمٰعیل میرٹھی (د) شوکت تھانوی

9۔ شعری مجموعہ ''دونیم'' کس کی تخلیق ہے؟ ( )
(الف) خلیل الرحمٰن اعظمی (ب) اختر اورینوی (ج) محمد حسن (د) مسعود حسین خاں

10۔ ان میں احتشام حسین کی کتاب کونسی ہے؟ ( )

(الف) ساحل وسمندر (ب) سنگ میل (ج) ادب اور انقلاب (د) پگھلا نیلم

11۔ کسی متن کے قدیم ترین نسخے کو اساسی نسخہ بنانے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟ ( )

(الف) بنیادی نسخہ (ب) دستخطی نسخہ (ج) روش انتقادی (د) روش التقاطی

12۔ وہ نسخہ جس کا متن پہلے کے دو نسخوں سے ملا کر تیار کیا گیا ہوا سے.......... کہتے ہیں ( )

(الف) جدی تنشیر (ب) مخلوط تنشیر (ج) آمیختہ نسخہ (د) تنقید متن

13۔ تحقیقی اصطلاح میں ''مبیضہ'' کسے کہتے ہیں؟ ( )

(الف) کسی مضمون یا کتاب کا پہلا مسودہ (ب) مسودے پر نظر ثانی کے بعد صاف نقل کیا ہوا نسخہ

(ج) تدوین کے لیے منتخبہ تحریر (د) مسودے کو صاف کر کے نقل کرنا

14۔ زمانی اعتبار سے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے ( )

(الف) علی گڑھ تحریک ۔ حلقہ ارباب ذوق ۔ رومانی تحریک ۔ جدیدیت

(ب) رومانی تحریک ۔ علی گڑھ تحریک ۔ حلقہ ارباب ذوق ۔ جدیدیت

(ج) علی گڑھ تحریک ۔ رومانی تحریک ۔ حلقہ ارباب ذوق ۔ جدیدیت

(د) حلقہ ارباب ذوق ۔ علی گڑھ تحریک ۔ رومانی تحریک ۔ جدیدیت

15۔ جوش ملیح آبادی کا ابتدائی تخلص کیا تھا؟ ( )

(الف) حسن (ب) شبیر (ج) بشیر (د) احمد

**II۔ ذیل میں غیر متعلق کی نشاندہی کیجیے۔** **5 x 1 = 5**

16۔ a) رشید حسن خاں b) محمود شیرانی c) قاضی عبدالودود d) ڈپٹی نذیر احمد ( )

17۔ a) بینی نرائن b) للولال جی c) فقیر محمد خاں گویا d) سید حیدر بخش حیدری ( )

18۔ a) گلشن گفتار b) مخزن نکات c) طبقات الشعراً d) نوطرز مرصع ( )

19۔ a) انتقاد b) زاویہ نگاہ c) خدنگ نظر d) تنقیدی افکار ( )

20۔ a) پی کہاں b) حاجی بغلول c) ہم وحشی ہیں d) ضدی ( )

**III۔ ذیل میں سے پہلی جوڑی کی مناسبت سے دوسری جوڑی مکمل کیجیے۔** **5 x 1 = 5**

21۔ مرزا مظہر جان جاناں : ایہام گوئی :: قیوم نظر :........................ ( )

22۔ ادب اور سماج : تنقید :: زنداں نامہ :........................ ( )

23۔ خدائے سخن : میر تقی میر :: مصورِ غم :........................ ( )

24۔ فورٹ ولیم کالج : کلکتہ :: فورٹ سینٹ جارج کالج :........................ ( )

25۔ گلِ نغمہ : فراق گورکھپوری :: گہرستان :........................ ( )

## حصہ ب (توضیحی سوالات)

سوال نمبرا اور ۲ کے جوابات کم سے کم پانچ سو الفاظ پر مشتمل ہوں۔ 2x15=30

1۔ ڈاکٹر زور اور گریرسن نے جدید ہند آریائی زبانوں کی گروہ بندی کس طرح کی ہے؟ مفصل لکھیے۔

**یا**

ترقی پسند ادب اور مابعد جدید ادب کے امتیازات قلمبند کیجیے۔

۲۔ عملی تنقید کے رہنما اصول درج کیجیے اور اس کے طریقۂ کار پر روشنی ڈالیے۔

**یا**

ادبی تنقید کے جدید تر رجحانات کا احاطہ کیجیے۔

۳۔ اس سوال کا جواب کم سے کم ۱۵۰۰ الفاظ پر مشتمل ہو۔ **1 x 20 = 20**

دکنی شاعری کی شعری اور لسانی خصوصیات قلم بند کیجیے۔

**یا**

دکنی شاعری اور شمالی ہند کی کلاسیکی شاعری کا تقابلی مطالعہ پیش کیجیے۔

☆☆☆